اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارھویں اسمبلی / اکیسواں اجلاس (گیارھویں نشست)

بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز جمعرات مورخہ 22/اکتوبر 2026ء بمطابق 10 جمادی الاوّل 1448ھ۔

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
1	تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔	03
2	رخصت کی درخواستیں۔	04
3	دُعائے مغفرت۔	04
4	تعزیتی قرارداد۔	05

ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔۔۔کیپٹن (ر) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب خالد احمد قمبرانی

☆☆☆

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز جمعرات مورخہ 22/اکتوبر 2026ء بمطابق 10 جمادی الاوّل 1448ھ۔

بوقت صبح 11:39 منٹ پر زیر صدارت میڈم غزالہ گولہ بیگم، ڈپٹی اسپیکر،

بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اِنَّ الۡمُنٰفِقِیۡنَ فِی الدَّرۡکِ الۡاَسۡفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنۡ تَجِدَ لَهُمۡ نَصِیۡرًا ۙ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِیۡنَ تَابُوۡا وَ اَصۡلَحُوۡا وَاعۡتَصَمُوۡا بِاللّٰہِ وَاَخۡلَصُوۡا دِیۡنَهُمۡ لِلّٰہِ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ط وَسَوۡفَ یُؤۡتِ اللّٰہُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اَجۡرًا عَظِیۡمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا یَفۡعَلُ اللّٰہُ بِعَذَابِکُمۡ اِنۡ شَکَرۡتُمۡ وَاٰمَنۡتُمۡ ط وَکَانَ اللّٰہُ شَاکِرًا عَلِیۡمًا ﴿۱۴۷﴾

﴿پارہ نمبر 5 سُوۡرَةُالنساء آیات نمبر 145 تا 147﴾

ترجمہ: بیشک منافق ہیں سب سے نیچے درجہ میں دوزخ کے اور ہرگز نہ پاوے گا تُو ان کے واسطے کوئی مددگار۔ مگر جنہوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کی اور مضبوط پکڑا اللہ کو اور خالص حکم بردار ہوئے اللہ کے سو وہ ہیں ایمان والوں کے ساتھ اور جلد دیگا اللہ ایمان والوں کو بڑا ثواب۔ کیا کریگا اللہ تم کو عذاب کر کے اگر تم حق کو مانو اور یقین رکھو اور اللہ قدردان ہے سب کچھ جاننے والا۔ صدق اللہ العظیم۔

☆☆☆

میڈم ڈپٹی اسپیکر: اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ۔
سیکرٹری اسمبلی! **رخصت کی درخواستیں** پڑھیں۔

جناب طاہر شاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی): سردار کوہیار ڈومکی صاحب، میر ضیاء اللہ لانگو صاحب، سردار فیصل خان جمالی صاحب، میر محمد صادق عمرانی صاحب، میر لیاقت علی لہڑی صاحب، میر یونس عزیز زہری صاحب اور محترمہ شہناز عمرانی صاحبہ نے آج کی نشست سے رخصت منظور کرنے کی درخواست کی ہے۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: آیا رخصت کی درخواستیں منظور کی جائیں؟

میڈم ڈپٹی اسپیکر: منظور کی جائیں؟ نامنظور؟ اچھا جو نامنظوری کے حق میں ہیں وہ کھڑے ہو جائیں جی جی رخصت کی درخواستیں منظور ہو گئیں۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: چونکہ ہمارے ایک سابق معزز رکن اسمبلی سردار نثار علی ہزارہ صاحب جو کہ مورخہ 20 اکتوبر 2026ء کو انتقال کر گئے ہیں، حسبِ روایت اِن کی صوبے کیلئے گرانقدر خدمات کے اعتراف میں آج کی نشست میں صرف اِن کے لیے دُعا اور تعزیتی قرارداد پیش کی جائے گی اور آج کی نشست کی تمام کارروائی اسمبلی کی اگلی نشست کے لیے defer کی جائے گی۔لہٰذا کوئی رکن اسمبلی آج کی اسمبلی کارروائی کو defer کرنے کے لیے تحریک پیش کریں۔

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ: بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم ۔مَیں ہدایت الرحمٰن رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی قاعدہ 180 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ سردار نثار علی ہزارہ، سابق صوبائی اسمبلی کی صوبے کیلئے گرانقدر خدمات کے اعتراف میں آج کی اسمبلی کارروائی بروز سوموار مورخہ 26 اکتوبر 2026ء کے لیے defer کی جائے۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: تحریک پیش ہوئی۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: آیا تحریک منظور کی جائے؟

میڈم ڈپٹی اسپیکر: تحریک منظور ہوئی۔لہٰذا آج کی اسمبلی کی تمام کارروائی بروز سوموار 26 اکتوبر 2026ء کے لیے defer کی جاتی ہے اور اِس میں سرکاری دیگر سرکاری کارروائی بھی شامل کی جائے اگر کوئی ہو۔جی دُعا کیجیے۔

(دُعائے مغفرت کی گئی)

میڈم ڈپٹی اسپیکر: لہٰذا کوئی رکن اسمبلی تعزیتی قرارداد پیش کرنے کی بابت تحریک پیش کریں۔

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ: بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم ۔مَیں ہدایت الرحمٰن رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی قاعدہ 180 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ سردار نثار علی ہزارہ سابق رکن اور صوبائی وزیر برائے محکمہ تعلیم کی صوبے کیلئے گرانقدر خدمات

کے اعتراف میں ذیل تعزیتی قرارداد پیش کرنے کی بابت قاعدہ (103)2 کے لوازمات کو exempt قرار دیا جائے۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: تحریک پیش ہوئی۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: آیا تحریک منظور کی جائے؟

میڈم ڈپٹی اسپیکر: اسلامیہ گرلز کالج کے teachers اور students آئے ہوئے ہیں مَیں اپنی اسمبلی کے behalf پر اُن سب کو welcome کرتی ہوں۔۔تحریک منظور ہوئی۔کوئی رکنِ اسمبلی تعزیتی قرارداد پیش کریں۔

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ: نہیں نہیں پیش ہو رہی ہے۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: ok جی۔تحریک منظور ہوئی۔لہٰذا کوئی رکن اسمبلی **تعزیتی قرارداد** پیش کریں۔

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ: جی۔بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم ۔ہر گاہ کہ یہ ایوان بلوچستان صوبائی اسمبلی کے سابق رکن اور صوبائی وزیر برائے محکمہ تعلیم سردار نثار علی ہزارہ جو مورخہ 20 اکتوبر 2026ء کو انتقال کر گئے ہیں پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔یہ کہ سردار نثار علی ہزارہ عام انتخابات 1997ء میں حلقہ پی بی 2 کوئٹہ سے رکن بلوچستان اسمبلی منتخب ہوئے بعد ازاں اُنہیں صوبائی وزیر برائے محکمہ تعلیم کا قلمدان سونپا گیا۔یہ ایوان اُن کی صوبے کے لیے گرانقدر خدمات پر اُنہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔اُن کی وفات سے صوبہ ایک محنتی قابل سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے۔لہٰذا بلوچستان اسمبلی کا ایوان اُن کے خاندان سے دِلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دُعا کرتا ہے کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: تعزیتی قرارداد پیش ہوئی۔

میڈم ڈپٹی اسپیکر: آیا تعزیتی قرارداد منظور کی جائے؟

میڈم ڈپٹی اسپیکر: تعزیتی قرارداد منظور ہوئی۔اب اسمبلی کا اجلاس بروز سوموار مورخہ 26 اکتوبر 2026ء بوقت سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس صبح 11 بجکر 45 منٹ پر اختتام پزیر ہوا)

☆☆☆